© rasailojaraid.com



مکتبۂ جدید، لاہور۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ صفحات ۱۳۴۔

مکتبۂ جدید نے سستی کتابوں کا جو سلسلہ شروع کر رکھا ہے اُس میں یہ کتاب ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ اس میں اُس عظیم خاتون کے حالاتِ زندگی بیان کیے گئے ہیں جس نے اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ یادِ الٰہی کے لیے وقف کر رکھا تھا۔ وداد السکاکینی نے بڑی محنت کے ساتھ اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔ اور فاضل مترجم نے بڑی عمدگی کے ساتھ اسے اُردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے دو چیزیں عام قاری کو کھٹکتی ہیں۔ ایک تو ترجمے کی زبان اُن بچیوں کے معیار سے بہت اونچی ہے جن کے لیے یہ کتاب زیادہ سے زیادہ مفید ہو سکتی ہے۔ دوسرے بعض مقامات پر قرآن و سنت کی تصریحات کی بھی اشد ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

**ماہنامہ تعمیرِ انسانیت عید قربان نمبر** مرتب جناب عبدالحمید شیخ صاحب۔ سالانہ چندہ پانچ روپے فی شمارہ ۸ آنے۔ عید نمبر ۱۲ آنے۔ مقام اشاعت دفتر ماہنامہ تعمیرِ انسانیت۔ موچی دروازہ۔ لاہور۔

یہ رسالہ ایک عرصہ سے دین و ملت کی نہایت اچھی خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ زیرِ تبصرہ رسالہ اس کا خاص نمبر ہے۔ اس میں ہند و پاک کے نامور اہلِ علم کی نگارشات شامل ہیں۔ مثلاً مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم و مغفور، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا ظفر علی خاں مرحوم۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مولانا نعیم صدیقی صاحب اور مولانا ماہر القادری۔ رسالہ معنوی اور صوری خوبیوں کا حسین مرقع ہے اور ہر لحاظ سے قابلِ ستائش۔

---

© rasailojaraid.com